© rasailojaraid.com

التحریر فی شرح جامع الکبیر

* عبدالقدوس ہاشمی

کتب خانہ ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی، اسلام آباد، صیغۂ مصورات (میکرو فلم) میں ص ۱۳۰، ص ۱۴۴، ص ۱۴۹، ص ۱۴۶، ص ۱۵۳ اور ص ۲۲۸ پر چھ جلدیں فقہ حنفی کی ایک وسیع اور قابلِ مطالعہ کتاب کی ہیں۔ اس عظیم الشان کتاب کا نام التحریر فی شرح الجامع الکبیر ہے۔ اس مضمون میں اس کتاب کا اور اس کے مصنف امام جمال الدین محمود الحصیری المتوفی ۶۳۶ھ کا ذکر مقصود ہے۔

باوجود تلاش مجھے اس کتاب کے طبع ہونے کی کوئی شہادت نہیں مل سکی۔ علامہ خیرالدین الزرکلی نے اپنی کتاب الاعلام ج ۸ ص ۳۶ میں امام حصیری کا ایک مختصر سا تذکرہ لکھا ہے۔ اس میں بھی کتاب التحریر کے متعلق یہی درج کیا ہے کہ اب تک یہ کتاب طبع نہیں ہو سکی ہے۔ یہ کتاب سادہ عربی نثر میں امام محمد الشیبانی کی مشہور و معروف کتاب الجامع الکبیر کی ایک مہتم بالشان شرح ہے اس کے مصنف اپنے زمانہ کے امام الفقہ ہونے کے ساتھ ساتھ علم وافر اور عمل صالح کے بہترین نمونہ تھے لیکن اس کے باوجود ابھی تک یہ طبع نہیں ہوئی ہے بلکہ اس کے قلمی نسخے بھی کمیاب ہیں، دنیا کے بڑے بڑے قلمی ذخائر میں بھی اس کا کوئی مکمل نسخہ نہیں ملتا ہے۔ البتہ کہیں کہیں قدیم کتب خانوں میں اس کے متفرق اجزاء پائے جاتے ہیں اور اُن سے ایک مکمل نسخہ بن جاتا ہے۔ اس طرح یہ کتاب حقیقی معنوں میں ایک نادر کتاب ہے۔

مصنف | اس کتاب کے مصنف کا پورا نام یہ ہے:-

الامام جمال الدین ابوالمحامد محمود بن احمد بن عبدالسید بن عثمان بن نصر بن عبدالملک الحصیری البخاری۔

شہر بخارا کے ایک محلہ الحصیر میں بماہ جمادی الاولیٰ ۵۴۶ھ ہجری پیدا ہوئے اور تقریباً ۹۰ سال کی عمر میں بیوم یکشنبہ ۸ صفر ۶۳۶ ہجری وفات پائی، المنیع کے قریب الجادہ پر مقابر صوفیہ میں مزار مقدس ہے۔

امام حصیری کے نامور شاگرد سبط ابن الجوزی المتوفی ۶۵۶ ہجری نے اپنی کتاب مرآۃ الزمان فی تاریخ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

الاعیان میں بہ سلسلۂ حوادث ۶۳۶ ہجری لکھا ہے:

وکانت وفاتہ یوم الاحد ثامن صفر، ودفن بمقابر الصوفیہ عند المنیع علی الجادۃ

وفات کی یہی تاریخ دوسرے تمام تذکرہ نگاروں نے بھی لکھی ہے۔ صرف مولانا عبدالحئی فرنگی محلی کی کتاب الفوائد البہیہ فی طبقات الحنفیہ میں ۶۳۷ ہجری درج ہے جو غالباً تصحیف ہے، اس لئے کہ مولانا عبدالحئی فرنگی نے بھی تاریخ ۸ صفر اور دن یکشنبہ ہی لکھا ہے۔ از روئے حساب ۶۳۷ھ میں ۸ صفر کو باختلاف رویت ہلال پنجشنبہ جمعہ ۸ یا ۹ ستمبر ۱۲۳۹ شمسی پڑتا ہے یکشنبہ نہیں ہوتا۔ البتہ ۶۳۶ھ میں ۸ صفر کو باختلاف رویت ہلال یکشنبہ یا دوشنبہ ۱۹ یا ۲۰ ستمبر ۱۲۳۸ شمسی ہو سکتا ہے۔ یکشنبہ ۸ صفر پر سب تذکرہ نگار متفق ہیں اور از روئے حساب یہی صحیح ہے تو یہ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ غالباً کتابت کی غلطی ہی سے ۶۳۷ ہجری لکھا گیا ہے۔

الحصیری | عربی میں چٹائی کو الحصیر کہتے ہیں، اس زمانہ میں شہر بخارا کے بعض محلے پیشہ وروں کے سے موسوم تھے بالکل اسی طرح جیسے ہمارے ہاں قصاب ٹولہ، موچی دروازہ، رسی بٹاں اور بلی ماراں وغیرہ ہوا کرتے ہیں۔ شہر بخارا کے اس محلہ میں چٹائی بننے والے رہا کرتے تھے، اس لئے یہ محلہ الحصیر کے نام سے موسوم تھا۔ امام حصیری کے والد تجارت کرتے تھے اور احمد التاجر کہلاتے تھے، ان کا گھر محلہ الحصیر میں تھا، اس وجہ سے امام حصیری بھی الحصیری کہلانے لگے۔

امام حصیری نے اس وقت کے تمام علوم وفنون کی تعلیم اپنے شہر بخارا ہی میں مختلف اساتذہ سے حاصل کی نوجوانی ہی میں رتبۂ کمال اور درجۂ امتیاز پر فائز ہو گئے۔

اساتذہ ومعاصرین | چھٹی صدی ہجری میں علاقہ ماوراء النہر اور خصوصاً بخارا وسمرقند علوم وفنون کے تھے۔ بڑے بڑے اساتذہ، محدثین، فقہاء، مفسرین، فلسفی اور صوفیائے کرام یہاں موجود تھے خصوصاً حنفیہ تو اس صدی میں وہاں اتنے پیدا ہوئے کہ کسی دوسری جگہ اتنے مسند نشینانِ فقہ وقانون کا اجتماع نظر نہیں ذرا ان چند بزرگوں کے اسمائے گرامی دیکھئے جس زمانہ میں امام حصیری نے تعلیم وتربیت حاصل کی تھی، بزرگ ان کے شہر بخارا ہی میں زینت افزائے مسانید درس وارشاد تھے، کچھ تو وہیں کے تھے اور کچھ دوسرے مقامات سے وہاں آکر افادہ واستفادہ کے لئے طویل مدت تک مقیم رہے تھے۔

۱۔ رکن الاسلام محمد بن ابی بکر امام زادہ چوغی المتوفی ۵۷۳ھ مفتی بخارا۔

۲۔ نورالدین احمد بن محمد الصابونی المتوفی ۵۶۰ھ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

۔ شمس الائمۃ الثانی علاء الدین عمر الزرنجری المتوفی ۵۸۴ھ ۔

۔ زاہد الدین ابو نصر احمد بن محمد بن عمر العتابی البخاری المتوفی ۵۸۶ھ شارح الجامعین ۔

۔ علاء الدین ابو بکر بن محمود الکاسانی المتوفی ۵۸۷ھ مصنف البدائع ۔

۔ قوام الدین حماد بن ابراہیم البخاری المتوفی ۵۹۱ھ تقریباً ۔

۔ فخر الدین ابو المفاخر حسن بن منصور قاضی خان الاوزجندی المتوفی ۵۹۲ھ، مصنف فتاویٰ قاضی خان ۔

۔ برہان الدین ابو الحسن علی بن ابی بکر المرغینانی المتوفی ۵۹۳ھ مصنف الہدایہ، والکفایہ، والمنتقیٰ ۔

۔ بدر الدین عمر بن عبد الکریم درسکی البخاری المتوفی ۵۹۴ھ شارح الجامع الصغیر ۔

۔ شرف الدین ابو حفص عمر بن محمد العقیلی المتوفی ۵۹۶ھ

۱۰ قوام الدین احمد بن عبد الرشید البخاری المتوفی ۵۹۹ھ

۱۱ ۔ رضی الدین محمد بن محمد السرخسی المتوفی ۶۰۳ھ، مصنف المحیطین ۔

۱۲ ۔ عماد الدین محمود البخاری المتوفی ۶۰۷ھ، مصنف خلاصۃ الحقائق ۔

۱۳ ۔ برہان الشریعۃ محمود بن تاج الشریعۃ احمد المتوفی ۶۱۶ھ، مصنف الذخیرہ والمحیط البرہانی ۔

۱۵ ۔ ظہیر الدین محمد بن احمد المحتسب البخاری المتوفی ۶۱۹ھ مصنف الفتاویٰ الظہیریہ ۔

۱۶ ۔ الفقیہ بدیع بن منصور القزوینی المتوفی ۶۲۰ھ مصنف منیۃ الفقہا ۔

۱۷ ۔ ابو الفتوح محمد بن محمد المطہر السمرقندی المتوفی ۶۲۱ھ مصنف الفتاویٰ السمرقندیۃ (المطہریۃ)

۱۸ ۔ حسام الدین محمد بن عثمان العلیا بادی المتوفی ۶۲۸ھ

۱۹ ۔ الفقیہ محمد بن محمود الاستروشنی المتوفی ۶۳۲ھ مصنف الفصول الثلثون ۔

۲۰ ۔ الصدر الشہید عمر بن عبد العزیز ابن مازہ البخاری المتوفی ۶۳۶ھ مصنف ذخیرۃ الفتاویٰ ۔

یہ اوران کے علاوہ سینکڑوں ہی علماء اور ہر فن و ہر علم کے ماہرین اس زمانہ میں بخارا، سمرقند، کاشغر، تاشقند، عشق آباد، بلکہ چھوٹے چھوٹے قریوں اور دیہاتوں مثلاً خرتنگ، قریہ خواجہ، البیتہ نگ، ترمذ وغیرہ میں موجود تھے اور درس و تدریس کے ساتھ ساتھ ارشاد و تبلیغ کی خدمات بھی انجام دے رہے تھے۔ اور ان بزرگوں کی وجہ سے علاقہ ماوراء النہر مرکز علوم و مرجع طالبانِ فن بنا ہوا تھا ۔

امام حصیری نے ان ہی اساتذہ سے تعلیم حاصل کی، خصوصیت کے ساتھ فقیہ قاضی خان اوزجندی سے بہت زیادہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

استفادہ کیا۔ اسی لئے تذکرہ نگاروں نے ان کو قاضی خان کا شاگرد خاص لکھا ہے۔ اگرچہ بخارا ہی میں ان کی ذہانت، تفقہ اور وسعتِ مطالعہ کی شہرت ہو چکی تھی لیکن اس کے باوجود امام حصیری نے اپنے شہر و دیار سے باہر نکل کر دوسرے مقامات پر جو اساتذہ موجود تھے، ان سے استفادہ کرنے میں بھی کوئی دقیقہ اُٹھا نہیں رکھا۔ نیشاپور اور طوس میں منصور الفراوی اور المؤید الطوسی جیسے علمائے حدیث سے علمِ حدیث حاصل کیا، حلب اور شام میں الشیخ ابو ہاشم الحلبی اور ان کے معاصرین سے فنِ تفسیر کا درس لیا۔ حجاز مقدس میں حاضر ہوئے اور وہاں کے اساتذہ سے کسبِ علوم کیا۔

حروب صلیبیہ کے مشہور مجاہد الملک نور الدین المتوفی ۵۶۹ھ نے دمشق میں ایک عظیم الشان دار العلوم قائم کیا تھا۔ اس کو نور الدین کے قائم کردہ دوسرے مدارس کی طرح المدرسۃ النوریۃ کہتے تھے۔ دمشق کے اس مدرسہ کی شہرت نیشاپور اور بغداد کے مدارس نظامیہ کی طرح تھی۔ اور کسی عالم کے لئے یہ اعلیٰ ترین علمی اعزاز تھا کہ اُسے مدرسۂ نوریہ میں درس دینے کی عزت حاصل ہو۔ امام حصیری اس مدرسہ میں تدریس و افتاء کی خدمت پر مسلسل پچیس سال تک فائز رہے۔ اور یہیں دمشق میں ان کا انتقال ہوا۔

مدرسہ نوریہ میں ملازمت سے پہلے امام حصیری غالباً کتابت کر کے گزر بسر کرتے تھے، جن لوگوں نے ان کا تذکرہ لکھا ہے ان کے علم وسیع اور عمل صالح کے ساتھ ان کے اس کمال کا بھی ذکر کیا ہے کہ وہ اچھے خوشنویس تھے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے اسے رزقِ حلال کے حصول کا ذریعہ بنا لیا تھا اور اپنے اس رزق میں سے حاجت مندوں کا حق بھی ادا کرتے تھے۔ اسی لئے ابن خلکان نے ان کو کثیر الصدقہ لکھا ہے۔

وہ اپنے عہد میں ایک عالم باعمل، ایک صاحب دل بزرگ، ذہین و عقل مند، پاک طینت، رقیق القلب اور ایک مکتدر آدمی سمجھے جاتے تھے، فقہ میں اُن کا یہ مرتبہ تھا کہ دمشق میں انھیں رئیس الفقہاء کا مقام حاصل تھا۔ علامہ سبط بن الجوزی نے ان کی تعریف ان الفاظ میں کی ہے:

انتهت اليه رئاسة اصحاب ابی حنیفۃ اور

کان کثیر الصدقۃ، غزیر الدمعۃ، عاقلاً نزہاً، عفیفاً۔

ابن العماد الحکری نے ان کو شیخ الحنفیۃ لکھا ہے اور لکھا ہے کہ کان من العلماء العاملین کثیر الصدقۃ غزیر الدمعۃ۔ مولانا عبد الحی فرنگی محلی نے ان کو اپنے زمانہ کا سب سے بڑا فقیہ لکھا ہے اور کان اماماً فاضلاً اور بلغ رتبۃ الکمال کے الفاظ سے ان کی تعریف کی ہے۔

امام حصیری کا احترام اُن کے علم و عملِ صالح کی وجہ سے فقیر سے بادشاہ تک سب ہی کرتے تھے۔ انھوں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

لوئی سرکاری ملازمت مدرسۂ نوریہ کی ملازمت کے سوا نہیں کی، اور یہ مدرسہ بھی اوقاف کے ماتحت براہِ راست شاہی ملازمت نہیں تھی، سبط ابن الجوزی نے لکھا ہے:

وکان المعظم یحترمہ ویکرمہ وکذلک ولدہ الملک الناصر۔

تلامذہ | جس شخص نے اپنے عہد کے سب سے زیادہ مشہور مدرسہ میں پچیس سال تک مسلسل درس و یس کی خدمت انجام دی ہو، اس کے شاگردوں کی فہرست کون پیش کر سکتا ہے، ۵۷۲ ہجری سے ۶۳۶ یا تک اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے علماء، امراء اور مدرسین میں سے بہت بڑی تعداد نے امام حصیری سے کسب کیا ہے، ساتویں صدی کے علماء کا تذکرہ تاریخ، تراجم و طبقات کی کتابوں میں دیکھئے تو بہت سے وں کے احوال میں یہ ذکر ملتا ہے کہ انھوں نے امام حصیری سے تعلیم حاصل کی تھی، مثلاً

العلامۃ الفقیہ محمود بن عابد التمیمی الصرخدی۔ المتوفی ۵۸۲ھ۔

قاضی القضاۃ صدر الدین سلیمان بن وہب الاذرعی الدمشقی المتوفی ۶۷۷ھ۔

الشیخ العلامہ شمس الدین یوسف بن قزاوغلی سبط ابن الجوزی المتوفی ۶۵۴ھ۔

الملک المعظم شرف الدین عیسیٰ بن ایوب المتوفی ۶۲۴ھ۔

۔ الملک الناصر داؤد بن عیسیٰ المتوفی ۶۵۶ھ۔

تصانیف | امام حصیری کی حسبِ ذیل تصنیفات کا ذکر مختلف تذکرہ نگاروں نے کیا ہے۔

۔ التحریر فی شرح الجامع الکبیر (مطول) ۲۔ شرح الجامع الکبیر (مختصر)

۱۔ شرح السیر الکبیر ۴۔ خیر المطلوب فی العلم المرغوب۔

۔ الطریقۃ الحصیریۃ ۶۔ مناسک الحج

۔ شرح الجامع الصغیر۔ (الوجیز)

ممکن ہے کہ ان کتابوں کے علاوہ کچھ اور بھی کتابیں امام حصیری کی ہوں کیونکہ تذکرہ نگار حضرات ان کی صنیفات کے نام لکھنے کے بعد وغیر ذلک لکھتے ہیں۔ اس سے شبہ ہوتا ہے کہ شاید اُن کے علم میں مصنف ی اور بھی کچھ تصنیفات تھیں جن کے نام انھوں نے عمداً چھوڑ دیئے ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

شرح الجامع الکبیر | امام حصیری کی جس کتاب کا ذکر اس وقت مقصود ہے وہ اُن کی بڑی شرح ہے، لتحریر فی شرح الجامع الکبیر، حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ (۸۰-۱۵۰ھ) کے شاگرد امام محمد بن حسن شیبانی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

(۱۳۱ - ۱۸۹ھ) نے بہت سی کتابیں لکھی ہیں ان میں اُن کی دو کتابیں الجامع الصغیر اور الجامع الکبیر بھی ہیں، امام محمد شیبانی امام ابو حنیفہ کے شاگرد بھی تھے اور اُن کے شاگرد امام ابو یوسف یعقوب بن ابراہیم الکرخی المتوفی ۱۸۲ھ کے بھی شاگرد تھے۔ الجامع الصغیر میں امام محمد شیبانی اپنے اُستاذ امام ابو حنیفہؒ کی رائے کو تمام تر امام ابو یوسف ہی کے واسطہ سے بیان کرتے ہیں۔ غالباً اس کی وجہ یہ ہے کہ جب امام اعظم ابو حنیفہؒ کی وفات ہوئی تھی تو امام محمد شیبانی صرف ۱۹ سال کے تھے۔ انھوں نے اس کے بعد امام مالک اور امام ابو یوسف سے بہت زیادہ استفادہ کیا تھا۔ اور الجامع الصغیر تو امام ابو یوسف کی فرمائش ہی پر تالیف کی ہے البتہ الجامع الکبیر میں وہ امام ابو یوسف سے مسموعہ روایات سے زائد بھی بہت کچھ لکھتے ہیں۔

امام محمد شیبانی کی کتاب الجامع الکبیر فقہ حنفی کی اُن چھ کتابوں میں سے ایک ہے جنہیں بنیادی اور اساسی کتابوں کا مرتبہ حاصل ہے، اور جو شخص بامعان نظر الجامع الکبیر کا مطالعہ کرے گا وہ یہ تسلیم کرے گا کہ اس کتاب کو یہ مرتبہ حاصل ہونا ہی چاہیئے تھا، حاجی خلیفہ چلپی نے کشف الظنون میں جس جگہ الجامع الکبیر کا ذکر کیا ہے وہاں اہل نظر حضرات کا یہ فیصلہ بھی نقل کیا ہے کہ:-

قد اشتمل علی عیون الروایات ومتون الدرایات بحیث کاد ان یکون معجزاً ولتمام لطائف الفقه منجزاً (ص ۱۶۷)

الجامع الکبیر فقہ اسلامی کے ہر چہار اجزاء یعنی عبادات، مناکحات، معاملات اور متفرقات پر حاوی ہے اور ہمیشہ ہی مقبول و متداول رہی ہے، تقریباً ہر اسلامی مدرسہ میں اس کا درس دیا جاتا تھا اور عدالتوں میں قوانین مروجہ کے طور پر مفتی بہ اور معمول علیہ تھی۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ ہر دور میں اس کی شرحیں لکھی گئیں۔ مدرسین نے اپنے تلامذہ کو سمجھانے کے لئے اس کی شرحیں لکھیں تو مفتیوں اور عدالتی عہدہ داروں نے تشریح و تطبیق قانونی کے لئے اس کی شرحیں تیار کیں۔ حاجی خلیفہ چلپی نے کشف الظنون میں اور اسمٰعیل پاشا البغدادی نے ایضاح المکنون میں الجامع الکبیر کی (۴۷) شرحوں کا ذکر کیا ہے۔ اور یہ تعداد تو صرف ان شروح کی ہے جن کا علم انھیں ہو سکا تھا، اور کتنی شرحیں ذکر میں نہ آسکیں، یہ تو خدا ہی جانتا ہے۔ واضح رہے کہ حاجی خلیفہ کو علمائے ماوراء النہر کی بہت کم تصانیف کا علم ہو سکا ہے۔

بہرحال، حاجی خلیفہ چلپی نے الجامع الکبیر کی شرحوں کا ذکر کرتے ہوئے امام حصیری کی دونوں شرحوں (مختصر و مطول) کا ذکر اس طرح کیا ہے:-

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

وشرحان للسید الامام جمال الدین محمود البخاری المعروف بالحصیری المتوفی ۶۳۶ھ، احدھما مختصرہ الذی زاد فیہ علی ما فی الجامع زھاء الف وستمائیۃ وثلاثین من المسائل وکثیراً من القواعد الحسابیہ وھو فی مجلدین اولہ :- الحمد للہ شارع الاحکام الخ ، بالغ فی الایضاح بالنظائر والشواھد وایراد الفروق وتصحیح الحسابات باوجز العبارات تسھیلا للحفظ ، وثانیھما المطول الذی بلغ فی الجمع والتحقیق الغایۃ ، وھو المسمیٰ بالتحریر فی شرح الجامع الکبیر وھو فی ثمانی مجلدات ، الفہ حین قراءہ علیہ الملک المعظم عیسیٰ بن ابی بکر الایوبی صاحب الشام المتوفی ۶۲۴ھ ، والملک المعظم المذکور شرح الجامع الکبیر ایضاً ۔ (۵۶۸)

اس عبارت سے یہ معلوم ہوا کہ امام حصیری نے الجامع الکبیر کی دو شرحیں لکھی تھیں ، ایک مختصر جو دو جلدوں میں ہے ، اس میں نہایت تفصیل کے ساتھ ایک ایک فقہی حکم اور قانونی نکتہ کی نظائر و شواہد کے ذریعہ توضیح کی گئی ہے ۔ تطبیق احکام میں فروق کی بہت سی نظیریں پیش کی گئی ہیں اور بہت سے حسابی قواعد بھی اس میں بتائے گئے ہیں ۔ اس شرح میں اصل کتاب الجامع الکبیر سے تقریباً (۱۶۳۰) مسائل زیادہ مندرج ہیں ۔

دوسری شرح وہ مطول شرح ہے جس کا نام التحریر فی شرح الجامع الکبیر ہے ۔ یہ آٹھ جلدوں میں ہے یعنی مختصر شرح سے چار گونہ ضخیم ہے ، اس میں توجیح و تحقیق کی انتہا کر دی گئی ہے ۔ امام حصیری نے یہ شرح اس زمانہ میں لکھی ہے جس زمانہ میں والیٔ شام الملک المعظم عیسیٰ اُن سے الجامع الکبیر پڑھ رہے تھے ۔ ایک شرح خود الملک المعظم نے بھی لکھی ہے جو اس کے علاوہ ایک دوسری کتاب ہے ۔

اگرچہ حاجی خلیفہ کی عبارت سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ التحریر آٹھ جلدوں میں ہے ، لیکن یہ شاید اس لئے ہے کہ کسی کاتب نے جلد اول کے دو حصوں کو الگ لکھا ہوگا ورنہ حقیقۃً یہ شرح سات جلدوں میں ہے ، خود مصنف کے قلمی نسخہ میں ساتویں جلد کے آخر میں اُنہوں نے لکھا ہے ، آخر الجزء السابع وھو آخر الکتاب ۔

اگر کوئی مصنف ایک ہی موضوع پر دو کتابیں تصنیف کرتا ہے تو عام طور پر اُس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ بڑی کتاب پہلے لکھی جاتی ہے اور اس کے بعد جب اس کی وسعت اور تفصیلات کی وجہ سے لوگ اس سے پوری طرح استفادہ نہیں کر سکتے اور نہ آسانی کے ساتھ اس کی نقلیں دستیاب ہوتی ہیں تو خود مصنف اس کی ایک تلخیص تیار کر دیتا ہے تاکہ لوگ بہ آسانی اس سے استفادہ کر سکیں اور بہ سہولت اس کی نقلیں حاصل کر سکیں ، اس طرح [illegible] امام محمد الغزالی المتوفی ۵۰۵ھ کی کتاب احیاء علوم الدین اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اس کی تلخیص المرشد الامین یا علامہ سعد الدین التفتازانی المتوفی ۷۹۲ھ کی شرح مطول اور مختصر المعانی کے ساتھ یہی صورت پیش آئی ہے، لیکن امام محمد الشیبانی کی دونوں کتابیں الجامع الکبیر اور الجامع الصغیر کے دیکھنے سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے اپنے استاذ امام ابو یوسفؒ کی فرمائش پر پہلے الجامع الصغیر لکھی پھر مزید تفصیلات و تفریعات کا اضافہ کر کے الجامع الکبیر تالیف کی۔

امام حصیری کی دونوں شرحوں کی تالیف میں بھی یہی صورت پیش آئی، امام حصیری نے بھی، جو مدرسہ نوریہ میں پچیس سال تک فقہ حنفی کا درس دیتے رہے تھے، ابتداءً طلبہ کو مسائل کی تفہیم کے لئے الجامع الکبیر کی ایک مختصر شرح دو جلدوں میں لکھی۔ پھر جب الملک المعظم کو فقہ پڑھانے لگے تو اپنی مختصر شرح پر اضافے کر کے یہ شرح التحریر سات جلدوں میں تالیف کی۔ انھوں نے التحریر کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ:

قد کنت شرحت هذا الکتاب من غیر اطناب ولا اسهاب نسألنی من وجبت اجابته ان اکتب شرحاً ثانیاً محرراً للمعانی مناما الیه فی الکتب من اجناسه فاجبته الی مراده۔

فقہ کی کتابوں میں جو شرحیں آج ہمارے ہاتھوں میں ہیں، ان کی تالیف عموماً دو مقاصد کے تحت ہوئی ہے، اول، طلبہ کو فقہ پڑھانے کے لئے۔ دوم، مفتیوں کو شریعت کی ترجمانی اور واقعات پر احکام کی تطبیق میں رہنمائی کے لئے اور عدالتی عہدہ داروں کو فصل خصومات میں امداد دینے کے لئے۔

اگر بامعان نظر ان شروح کا مطالعہ کیا جائے تو مقاصد تالیف کی وجہ سے ان کے مضامین اور طرز بیان میں فرق محسوس ہوتا ہے۔ طلبہ کی تعلیم و تفہیم کے لئے جو شرحیں لکھی گئی ہیں اُن میں عموماً احکام کے منبع و منشا کا ذکر مختصر ہوتا ہے، اختلافات فقہا بھی محض ضمناً ہی بیان کئے جاتے ہیں۔ شارح نہایت تفصیل کے ساتھ مثالیں پیش کرتا ہے، ہزاروں ہی فرضی شکلیں واقعات کی بناتا ہے اور ان پر احکام کو منطبق کر کے طالب علم کو سمجھاتا ہے تاکہ طالب علم مسائل اور احکام کو اچھی طرح سمجھ کر اُن پر حاوی ہو جائے۔

مفتیوں کی ہدایت اور عدالتی عہدہ داروں کی امداد کے لئے جو شرحیں لکھی گئی ہیں ان میں زیادہ زور احکام کے منبع و منشا کے بیان پر دیا جاتا ہے، علل احکام اور اختلاف آراء کو پوری تفصیل کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے۔ استثنائی صورتوں کا بیان دونوں قسموں میں پایا جاتا ہے مگر پہلی قسم میں کم اور دوسری قسم میں زیادہ، مثالیں پہلی قسم میں زیادہ ہوتی ہیں اور دوسری قسم میں کم۔

اسی طرح طرز بیان پہلی قسم میں سادہ، عام فہم اور تفہیمی انداز کا ہوتا ہے، لیکن دوسری قسم میں طرز بیان عالمانہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اور فن کارانہ اختیار کیا جاتا ہے، اصطلاحات و اشارات بھی پہلی قسم میں کم اور دوسری قسم میں زیادہ پائے جاتے ہیں اس فرق سے یہ نہیں سمجھنا چاہیئے کہ پہلی قسم کی شرحوں سے مفتیان و عہدہ داران عدالت کوئی فائدہ نہیں حاصل کر سکتے یا دوسری قسم سے طلبہ اور عام شائقین کو کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکتا۔ دونوں قسم کی شرحوں سے ہر شخص بقدر محنت و ذوق طلب فائدہ حاصل کر سکتا ہے اور حاصل کرتا ہے۔

امام حصیری کی یہ شرح التحریر فی شرح الجامع الکبیر قسم اول کی شرح ہے جو فن فقہ کے ایک طالب علم کو مسائل کی تفہیم کی غرض سے لکھی گئی ہے۔ اس میں بہ کثرت مثالیں پیش کر کے طالب علم کو ایک ایک مسئلہ اور ایک ایک حکم پوری تفصیل کے ساتھ سمجھایا گیا ہے۔ طرز بیان سادہ اور تفہیمی انداز کا ہے۔ ایک دو جگہ کے سوا کہیں گنجلک قسم کا منطقی انداز نہیں پایا جاتا ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شارح رحمہ اللہ نے ارادی طور پر اصطلاحات و اشارات سے احتراز کر کے مسائل و احکام فقہیہ سلجھے ہوئے انداز میں طلبہ کو ذہن نشین کرانے کی کوشش کی ہے۔ اور وہ اپنے اس مقصد میں کامیاب بھی ہوئے ہیں۔

قلمی نسخے | التحریر جیسا کہ ابتدا میں لکھا گیا ہے، اب تک کبھی طبع نہیں ہوئی ہے، اس کے قلمی نسخے دنیا کے مختلف کتب خانوں میں جا بجا ملتے ہیں، مگر ان میں سے اکثر نسخے نامکمل ہیں۔ اس کا سب سے قیمتی نسخہ خود امام حصیری کے اپنے قلم کا لکھا ہوا دار الکتب المصریہ القاہرہ میں فن فقہ حنفی ۹۹ پر ہے لیکن اس نسخہ کی جلد اوّل نہیں ہے، جلد ثانی سے جلد سابع تک موجود ہے، ان میں سے جلد ثانی و ثالث کے ابتدائی و انتہائی چند ورق کرم خوردہ ہیں، باقی اچھی حالت میں ہیں۔ یہ بقدر مالیقراء عربی نسخ میں سیاہ روشنائی سے لکھا ہوا ہے، ہر صفحہ میں اکیس سطریں ہیں۔ اس نسخہ کے آخر میں یعنی ساتویں جلد کے آخر میں خود مصنف رحمہ اللہ کے قلم سے لکھا ہوا ہے۔ ھو آخر الکتاب، اس میں حرفوں پر نقطے نہیں ہیں، نقطے بالکلیہ چھوڑ دیئے گئے ہیں۔ کتب خانہ ادارۂ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد میں اس نسخہ کا مائیکرو فلم موجود ہے۔ یہ نسخہ امام حصیری نے ۶۱۶ ہجری میں لکھ کر تیار کیا تھا، اور غالباً یہی سال اتمام تصنیف کا ہے۔

اس نسخہ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ امام حصیری نے اس کتاب کو سات جلدوں پر تقسیم کیا ہے۔

۱۔ جلد اوّل: مقدمۂ کتاب سے شروع ہو کر کتاب الطہارۃ، کتاب الصلوٰۃ، کتاب الصوم، کتاب الزکوٰۃ اور کتاب الحج پر ختم ہوئی ہوگی۔ بخط مصنف نسخہ کی یہ جلد ضائع ہو چکی ہے، البتہ اس کی نقلیں موجود ہیں۔

۲۔ جلد ثانی: کتاب النکاح سے باب اقرار المکاتب للمولیٰ تک،

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کرم خوردہ صفحات کو چھوڑ کر جو صفحات اس جلد کے موجود ہیں وہ (۴۶۲) ہیں۔

۳۔ جلد ثالث: باب الشہادات سے باب مالو جبہ الرجل علی نفسہ تک۔

کرم خوردہ صفحات کو چھوڑ کر جو صفحات اس جلد کے موجود ہیں وہ (۴۹۰) ہیں۔

۴۔ جلد رابع: کتاب البیوع سے باب بیع المکیل تک، حجم (۴۶۲) صفحات۔

۵۔ جلد خامس: بقیہ ابواب کتاب البیوع، آخر کتاب البیوع تک، حجم (۵۲۰) صفحات۔

۶۔ جلد سادس: باب الوصایا سے آخر باب الکفالۃ تک، حجم (۴۷۲) صفحات۔

۷۔ جلد سابع: باب الصلح سے آخر کتاب تک، حجم (۴۴۶) صفحات۔

اس عظیم الشان کتاب کے اس نسخۂ مصنف کے علاوہ اور نسخے کہاں کہاں پائے جاتے ہیں، ان کا ذکر کیا جاتا ہے، لیکن ظاہر ہے کہ یہ ذکر میرے ناقص اور محدود علم کی حد تک ناقص و محدود ہی ہے۔

دار الکتب المصریہ میں اس کتاب کے دو اور نسخے بھی موجود ہیں لیکن دونوں نامکمل ہیں، البتہ دار الکتب کے ان تینوں نسخوں کو ملا کر دیکھا جائے تو کتاب مکمل ہو جاتی ہے۔

دوسرا نسخہ: ۶۱۹ ہجری کا لکھا ہوا ہے، اور اس پر خود امام حصیری کے قلم سے یہ تحریر موجود ہے کہ عثمان بن میرک الحنفی نے یہ کتاب مؤلف سے پڑھی۔ اس نسخہ کی جلد اول، ثانی، ثالث اور رابع چار جلدیں موجود ہیں، اور اچھی حالت میں ہیں۔

تیسرا نسخہ: دار الکتب المصریہ کا تیسرا نسخہ کسی عالم محمد بن عبد الحمید بن اسحٰق کا لکھا ہوا ہے، جو ۷۲۲ ہجری لکھ کر تیار ہوا تھا، اس نسخہ کی پانچ جلدیں اول، ثالث، رابع، خامس اور سادس موجود ہیں۔

۴۔ التحریر کا چوتھا نسخہ کتب خانہ آصفیہ حیدر آباد دکن میں ہے۔ یہ نسخہ عربی ۱۳۲۲ھ کا ہے۔ یہ صرف تین جلدیں اول، ثانی، سابع۔ جلد اول و ثانی ایک تیسرا نسخہ مکتوبہ ۷۴۷ ہجری سے منقول ہیں [illegible]

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

امام حصیری کی دیگر تصانیف میں سے الطریقۃ الحصیریہ اور مرغوب القلوب کا ذکر بروکلمن نے تاریخ ادبیاتِ عرب جلد اوّل ص۴۷۳ پر کیا ہے خیر المطلوب فی العلم المرغوب کا ایک نسخہ دار الکتب المصریہ میں فقہ حنفی ص۲۴۴ پر بھی ہے۔ اسی طرح ابوجیز شرح الجامع الصغیر کا ایک نسخہ دار الکتب المصریہ القاہرہ میں موجود ہے۔

مصادر | امام حصیری اور ان کی کتاب کے لئے ملاحظہ ہو:

۱۔ مرآۃ الزمان فی تاریخ الاعیان، مصنفہ شمس الدین یوسف بن قراد غلی الشہیر بسبط ابن الجوزی المتوفی ۶۵۴ھ طبع حیدر آباد دکن ۱۳۷۰ھ ص ۷۲۰۔

۲۔ الجواہر المضیہ فی طبقات الحنفیہ مصنفہ الشیخ عبد القادر القرشی المتوفی ۷۷۵ھ، طبع حیدر آباد دکن ۱۳۳۲ھ ص۱۵۵ ج ۲۔

۳۔ تاج التراجم 〃 قاسم بن قطلوبغا المتوفی ۸۷۹ھ طبع بغداد ۱۳۸۲ھ ص ۶۹۔

۴۔ طبقات الحنفیہ 〃 طاش کبری زادہ المتوفی ۹۶۸ھ طبع موصل ۱۳۷۴ھ ص ۱۰۴۔

۵۔ شذرات الذہب 〃 عبد الحی بن العماد الحکری المتوفی ۱۰۸۹ھ طبع القاہرہ ۱۳۵۱ھ ص۱۸۲ ج ۵۔

۶۔ الفواید البہیہ 〃 مولانا عبد الحی الکنوی الفرنگی محلی المتوفی ۱۳۰۴ھ طبع القاہرہ ۱۳۲۴ھ ص۲۰۵۔

۷۔ الاعلام 〃 خیر الدین الزرکلی طبع القاہرہ ۱۳۷۶ھ ص۳۶ ج ۸۔

۸۔ معجم المؤلفین 〃 رضا کحالہ طبع بغداد ۱۳۸۰ھ ص ۱۴۷ ج ۱۲۔

۹۔ ہدیۃ العارفین 〃 اسماعیل پاشا البغدادی طبع استنبول ۱۳۷۱ھ ص ۴۰۵ ج ۲۔

۱۰۔ حدائق الحنفیہ 〃 فقیر محمد الجیلمی طبع لکھنؤ ۱۳۲۴ھ ص ۲۵۱۔

۱۱۔ کشف الظنون 〃 حاجی خلیفہ الچلپی المتوفی ۱۰۶۷ھ طبع استنبول ۱۳۶۰ھ حرف روی۔

۱۲۔ ایضاح المکنون 〃 اسماعیل پاشا البغدادی طبع استنبول ۱۳۶۴ھ حرف روی۔

۱۳۔ تذکرہ النوادر 〃 سید ہاشم ندوی، طبع حیدر آباد دکن ۱۳۵۰ھ ص ۶۱۔

ان کے علاوہ اُن کتب خانوں کی مطبوعہ فہرستیں جن کا ذکر سطور بالا میں آیا ہے۔



© rasailojaraid.com